سندھ آرڈیننس نمبر XXVI مجریہ ۱۹۸۴

SINDH ORDINANCE NO.XXVI OF 1984

پولیس (سندھ ترمیم) آرڈیننس، ۱۹۸۴

THE POLICE (SINDH AMENDMENT) ORDINANCE, 1984

(CONTENTS) فہرست

تمہید (Preamble)

۱۔ مختصر عنوان اور شروعات

Short title and commencement

۲۔ ۱۸۶۱ کے ایکٹ V کی دفعہ 15-A کی ترمیم

Amendment of section 15-A of Act of 1861

سندھ آرڈیننس نمبر XXVI مجریہ ۱۹۸۴

SINDH ORDINANCE NO.XXVI OF 1984

پولیس (سندھ ترمیم) آرڈیننس، ۱۹۸۴

THE POLICE (SINDH AMENDMENT) ORDINANCE,

1984

[۳۰ ستمبر ۱۹۸۴]

تمہید (Preamble)

آرڈیننس جس کی توسط سے صوبے سندھ میں نافذ کرنے کے لیئے پولیس ایکٹ، ۱۸۶۱ میں ترمیم کی جائے گی۔

جیسا کہ شرعی عدالت نے پولیس ایکٹ، ۱۸۶۱ میں کچھ ترامیم کرنے کی ہدایت کی ہے؛

اور جیسا کہ صوبے سندھ میں نافذ کرنے کے لیئے پولیس ایکٹ، ۱۸۶۱ میں ترمیم کرنا مقصود ہے، جو اس طرح ہوگی؛

مختصر عنوان اور شروعات

Short title and commencement

اب اس لیئے، پانچویں جولائی ۱۹۷۷ کے اعلان اور پرووِیزنل کانسٹی ٹیوشن آرڈر، ۱۹۸۱ کی روشنی میں گورنر سندھ نے مندرجہ ذیل آرڈیننس بنا کر نافذ کرنا فرمایا ہے:

۱۔ (۱) اس آرڈیننس کو پولیس (سندھ ترمیم) آرڈیننس، ۱۹۸۴ کہا جائے گا۔

(۲)یہ فی الفور نافذ ہوگا۔

۱۸۶۱ کے ایکٹ V کی دفعہ 15-A کی ترمیم

Amendment of section 15-A of Act of 1861

۲۔ پولیس ایکٹ، ۱۹۶۱ میں، صوبے سندھ میں نافذ کرنے کے لیئے، اس کی دفعہ 15-A میں، ذیلی دفعہ (۲) میں، شق (b) کے لیئے مندرجہ ذیل تبدیلی کی جائے گی:

"(b) معاوضہ کی رقم مقرر کرنا جو دئیت ، ارش یا دمن کے برابر ہوگی، یا جیسے معاملہ ہو، جو شریعت کے مطابق ہوگی اور وہ لوگ متعین کرنا جن کو اور جس طرح وہ رقم دی جائے گی؛ اور"۔

نوٹ: آرڈیننس کا مذکورہ ترجمہ عام افراد کی واقفیت کے لئے ہے، جسے کورٹ میں استعمال نہیں کیا جا سکتا۔